# اتوار 2 نومبر، 2025

# مضمون۔ دائمی سزا

**سنہری متن:** **1 یوحنا 1 باب 9 آیت**

---

”اگر اپنے گناہوں کا اقرار کریں تو وہ ہمارے گناہوں کو معاف کرنے اور ہمیں ساری ناراستی سے پاک کرنے میں سچا اور عادل ہے۔“

---

**جوابی مطالعہ:** **یسعیاہ 55 باب 6، 7، 13 آیات**

**زبور 103 باب 8، 9 آیات**

**یرمیاہ 31 باب 3 آیت**

6۔ جب تک خداوند مل سکتا ہے اُس کے طالب ہو۔ جب تک وہ نزدیک ہے اُسے پکارو۔

7۔ شریر اپنی راہ کو ترک کرے اور بدکار اپنے خیالوں کو اور وہ خداوند کی طرف پھرے اور وہ اُس پر رحم کرے گا اور ہمارے خداوند کی طرف کیونکہ وہ کثرت سے معاف کرے گا۔

13۔ کانٹوں کی جگہ صنوبر نکلے گا اور جھاڑی کے بدلے آس کا درخت ہو گا اور یہ خداوند کے لئے نام اور ابدی نشان ہو گا جو کبھی منقطع نہ ہو گا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

8۔خداوند رحیم اور کریم ہے۔ قہر کرنے میں دھیما اور شفقت میں غنی۔

9۔وہ سدا جھڑکتا نہ رہے گا۔ وہ ہمیشہ غضبناک نہ رہے گا۔

3۔خداوند قدیم سے مجھ پر ظاہر ہوا اور کہا کہ میں نے تجھ سے ابدی محبت رکھی اِسی لئے میں نے اپنی شفقت تجھ پر بڑھائی۔

## درسی وعظ

# بائبل میں سے

### 1۔ متی 4باب 23آیت

23۔اور یسوع تمام گلیل میں پھرتا رہا اور اُن کے عبادتخانوں میں تعلیم دیتا اور بادشاہی کی خوشخبری کی منادی کرتا اور لوگوں کی ہر طرح کی بیماری اور ہر طرح کی کمزوری کو دور کرتا رہا۔

### 2۔ متی 5باب 1،2آیات

1۔وہ اُس بھیڑ کو دیکھ کر پہاڑ پر چڑھ گیا اور جب بیٹھ گیا تو اُس کے شاگرد اُس کے پاس آئے۔

2۔اور وہ اپنی زبان ہو کر اُن کو یوں تعلیم دینے لگا۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 3۔ متی 6 باب 9 تا 13 آیات

9۔ پس تم اِس طرح دعا کیا کرو کہ اے ہمارے باپ تُو جو آسمان پر ہے۔ تیرا نام پاک مانا جائے۔

10۔ تیری بادشاہی آئے۔ تیری مرضی جیسی آسمان پر ہوتی ہے زمین پر بھی ہو۔

11۔ ہمارے روز کی روٹی آج ہمیں دے۔

12۔ اور جس طرح ہم نے اپنے قرضداروں کو معاف کیا ہے تُو بھی ہمارے قرض ہمیں معاف کر۔

13۔ اور ہمیں آزمائش میں نہ لا بلکہ برائی سے بچا۔ کیونکہ بادشاہی اور قدرت اور جلال ہمیشہ تیرے ہی ہیں۔ آمین۔

## 4۔ 2 سیموئیل 11 باب 2 تا 6، 15، 14، 26، 27 آیات

2۔ اور شام کے وقت داؤد اپنے پلنگ پر سے اُٹھ کر بادشاہی محل کی چھت پر ٹہلنے لگا اور چھت پر سے اُس نے ایک عورت کو دیکھا جو نہا رہی تھی اور وہ عورت نہایت خوبصورت تھی۔

3۔ تب داؤد نے لوگ بھیج کر عورت کا حال دریافت کیا اور کسی نے کہا کیا وہ اِلعام کی بیٹی بیت ِسبع نہیں جو حِتی اوریاہ کی بیوی ہے؟

4۔ اور داؤد نے لوگ بھیج کر اُسے بلایا۔ وہ اُس کے پاس آئی اور اُس نے اُس کے ساتھ صحبت کی کیونکہ وہ اپنی ناپاکی سے پاک ہو چکی تھی۔ پھر وہ اپنے گھر کو چلی گئی۔

5۔ اور وہ عورت حاملہ ہو گئی۔ سو اُس نے داؤد کے پاس خبر بھیجی کہ میں حاملہ ہوں۔

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

6۔اور داؤد نے یوآب کو کہلا بھیجا کہ حِتی اوریاہ کو میرے پاس بھیج دے۔ سو یوآب نے اوریاہ کو داؤد کے پاس بھیج دیا۔

14۔ صبح کو داؤد نے یوآب کے لئے ایک خط لکھا اور اُسے اوریاہ کے ہاتھ بھیجا۔

15۔اور اُس نے خط میں لکھا کہ اوریاہ کو گھمسان میں سب سے آگے رکھنا اور تم اُس کے پاس سے ہٹ جانا تاکہ وہ مارا جائے اور جان بحق ہو۔

26۔جب اوریاہ کی بیوی نے سنا کہ اُس کا شوہر اوریاہ مر گیا تو وہ اپنے شوہر کے لئے ماتم کرنے لگی۔

27۔اور جب سوگ کے دن گزر گئے تو داؤد نے اُسے بلوا کر اُس کو اپنے محل میں رکھ لیا اور وہ اُس کی بیوی ہو گئی اور اُس سے اُس کے ایک لڑکا ہوا پر اُس کام سے جسے داؤد نے کیا تھا خداوند ناراض ہوا۔

## 5۔ 2سیموئیل12باب1تا7،13،15(بچہ)(تا،)،15(تھا)،19(جب داؤد)(تا:)،22،24آیات

1۔اور خداوند نے داؤد کو ناتن کے پاس بھیجا۔اُس نے اُس کے پاس آکر کہا کسی شہر میں دو شخص تھے ایک امیر دوسرا غریب۔

2۔اُس امیر کے پاس بہت سے ریوڑ اور گلے تھے۔

3۔پر اُس غریب کے پاس ایک بھیڑ کی پٹھیا کے سوا کچھ نہ تھا جسے اُس نے خرید کر پالا تھا اور وہ اُس کے اور اُس کے بال بچوں کے ساتھ بڑھی تھی۔ وہ اُسی کے نوالہ میں سے کھاتی اور اُس کے پیالہ سے پیتی اور اُس کی گود میں سوتی تھی اور اُس کے لئے بطور بیٹی کے تھی۔

4۔اور اُس امیر کے ہاں کوئی مسافر آیا۔ سو اُس نے اُس مسافر کے لئے جو اُس کے ہاں آیا تھا پکانے کے لئے اپنے ریوڑ اور گلہ میں سے کچھ نہ لیا بلکہ اُس غریب کی بھیڑ لے لی اور اُس شخص کے لئے جو اُس کے ہاں آیا تھا پکائی۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

5۔تب داؤد کا غضب اُس شخص پر بشدت بھڑکا اور اُس نے ناتن سے کہا خداوند کی حیات کی قسم کہ وہ شخص واجب القتل ہے۔

6۔سو اُس شخص کو اُس بھیڑ کا چوگنا بھرنا پڑے گا کیونکہ اُس نے ایسا کام کیا اور اُسے ترس نہ آیا۔

7۔تب ناتن نے داؤد سے کہا وہ شخص تُو ہی ہے۔خداوند اسرائیل کا خدا یوں فرماتا ہے کہ میں نے تجھے مسح کر کے اسرائیل کا بادشاہ بنایا اور میں نے تجھے ساؤل کے ہاتھ سے چھڑایا۔

13۔تب داؤد نے ناتن سے کہا میں نے خداوند کا گناہ کیا۔ناتن نے کہا خداوند نے بھی تیرا گناہ بخشا۔تُو مرے گا نہیں۔

15۔۔۔وہ لڑکا جو اوریاہ کی بیوی کے داؤد سے پیدا ہوا تھا۔۔۔بہت بیمار ہو گیا۔

19۔۔۔جب داؤد نے اپنے ملازموں کو آپس میں پھسپھساتے دیکھا،تو داؤد سمجھ گیا کہ لڑکا مر گیا۔

22۔اُس نے کہا کہ جب تک وہ لڑکا زندہ تھا میں نے روزہ رکھا اور میں روتا رہا کیونکہ میں نے سوچا کیا جانے خداوند کو مجھ پر رحم آ جائے کہ وہ لڑکا جیتا رہے؟

24۔پھر داؤد نے اپنی بیوی بت سبع کو تسلی دی اور اُس کے پاس گیا اور اُس سے صحبت کی اور اُس کے ایک بیٹا ہوا اور داؤد نے اُس کا نام سلیمان رکھا اور وہ خداوند کا پیارا ہوا۔

## 6۔ زبور 51 باب 1 تا 12 آیات

1۔اے خداوند اپنی شفقت کے مطابق مجھ پر رحم کر۔اپنی رحمت کی کثرت کے مطابق میری خطائیں مٹا دے۔

2۔میری بدی کو مجھ سے دھو ڈال اور میرے گناہ سے مجھے پاک کر۔

3۔کیونکہ میں اپنی خطاؤں کو مانتا ہوں۔اور میرا گناہ ہمیشہ میرے سامنے ہے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ،آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب،"سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ" میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

4۔ میں نے فقط تیرا ہی گناہ کیا ہے۔ اور وہ کام کیا ہے جو تیری نظر میں برا ہے۔ تا کہ تُو اپنی باتوں میں راست ٹھہرے۔ اور اپنی عدالت میں بے عیب رہے۔

5۔ دیکھ، میں نے بدی کی صورت پکڑی اور گناہ کی حالت میں ماں کے پیٹ میں پڑا۔

6۔ دیکھ تُو باطن کی سچائی پسند کرتا ہے۔ اور باطن میں مجھے ہی دانائی سکھائے گا۔

7۔ زُوفے سے مجھے صاف کر تو میں پاک ہوں گا۔ مجھے دھو اور میں برف سے زیادہ سفید ہوں گا۔

8۔ مجھے خوشی اور خرمی کی خبر سنا تا کہ وہ ہڈیاں جو تُو نے توڑ ڈالی ہیں شادمان ہوں۔

9۔ میرے گناہوں کی طرف سے اپنا منہ پھیر۔ اور میری سب بدکاریاں مٹا ڈال۔

10۔ اے خدا میرے اندر پاک دل پیدا کر اور میرے اندر از سرے نو مستقیم روح ڈال۔

11۔ مجھے اپنے حضور سے خارج نہ کر۔ اور اپنی روح کو مجھ سے جُدا نہ کر۔

12۔ اپنی نجات کی شادمانی مجھے پھر عنایت کر اور مستعد روح سے مجھے سنبھال۔

### 7۔ عبرانیوں 8 باب 12 آیت

12۔ اِس لیے کہ میں اُن کی ناراستیوں پر رحم کروں گا اور اُن کے گناہوں کو پھر کبھی یاد نہ کروں گا۔

## سائنس اور صحت

بائبل کا یہ سبق پلیین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 1۔ 30:35(تا۔)

محبت کا ڈیزائن گناہگار کی اصلاح کے لئے ہے۔

## 2۔ 9:497(ہم)۔12

ہم گناہ کی تباہی اوراُس روحانی فہم میں خدا کی معافی کو تسلیم کرتے ہیں جو بدی کو بطور غیر حقیقی باہر نکالتا ہے۔ لیکن گناہ پر یقین تب تک سزا پاتا ہے جب تک یہ یقین ختم نہیں ہو جاتا۔

## 3۔ 24-22:405

ایک قصوروار ضمیر کے مجموعی اثرات کو برداشت کرنے کی نسبت یہ بہتر تھا کہ زمین پر ہر وبا کو ظاہر کیا جائے۔

## 4۔ 16-12:404

اگر کسی معاف کئے گئے انسانی فہم سے بدی ختم ہو چکی ہے، حالانکہ اس کے اثرات ابھی بھی اُس شخص پر ہوں گے، توآپ اس بے ترتیبی کو ختم کر سکتے ہیں جیسے خدا کی شریعت مکمل ہو جاتی ہے اور اصلاح جرم کو ختم کر دیتی ہے۔ صحتمند گناہگار سخت ترین گناہگار ہوتا ہے۔

---

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

## 5۔ 28-17:19

توبہ اور دُکھوں کا ہر احساس، اصلاح کی ہر کوشش، ہر اچھی سوچ اور کام گناہ کے لئے یسوع کے کفارے کو سمجھنے میں مدد کرے گا اور اِس کی افادیت میں مدد کرے گا؛ لیکن اگر گناہگار دعا کرنا اور توبہ کرنا، گناہ کرنا اور معافی مانگنا جاری رکھتا ہے، تو کفارے میں، خدا کے ساتھ یکجہتی میں اُس کا بہت کم حصہ ہوگا، کیونکہ اُس میں عملی توبہ کی کمی ہے، جو دل کی اصلاح کرتی اور انسان کو حکمت کی رضا پوری کرنے کے قابل بناتی ہے۔ وہ جو، کم از کم کسی حد تک، ہمارے مالک کی تعلیمات اور مشق کے الٰہی اصول کا اظہار نہیں کر سکتے اُن کی خدا میں کوئی شرکت نہیں ہے۔ اگرچہ خدا بھلا ہے، اگر ہم اُس کے ساتھ نافرمانی میں زندگی گزاریں، تو ہمیں کوئی ضمانت محسوس نہیں کرنی چاہیئے۔

## 6۔ 20-1:242

معافی، روحانی بپتسمہ، اور نئی پیدائش کے وسیلہ بشر اپنے لافانی عقائد اور جھوٹی انفرادیت کو اتار پھینکتے ہیں۔ یہ بس وقت کی بات ہے کہ ”چھوٹے سے بڑے تک وہ سب مجھے (خدا کو) جانیں گے۔“ مادے کے دعووں سے انکار خوشی کی روح کی جانب انسانی آزادی اور بدن پر آخری فتح کی جانب بڑا قدم ہے۔

آسمان پر جانے کا واحد راستہ ہم آہنگی ہے اور مسیح الٰہی سائنس میں ہمیں یہ راستہ دکھاتا ہے۔ اس کا مطلب خدا، اچھائی اور اُس کے عکس کے علاوہ کسی اور حقیقت کو نہ جاننا، زندگی کے کسی اور ضمیر کو نا جاننا ہے، اور نام نہاد درد اور خوشی کے احساسات سے برتر ہونا ہے۔

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

خودپرستی ایک مضبوط جسم سے زیادہ غیر شفاف ہے۔ صابر خدا کی صابر تابعداری میں آیئے غلطی، خودارادی، خود جوازی اور خودپرستی کے سخت پتھر کو محبت کے محلول کے ساتھ تحلیل کرنے کے لئے جدوجہد کریں، جو روحانیت کے خلاف جنگ کرتا اور وہ گناہ اور موت کا قانون ہے۔

## 7۔ 21-5:405

کرسچن سائنس انسان کو خواہشات کا مالک بننے، شفقت کے ساتھ نفرت کو ایک تعطل میں روکنے، پاکیزگی کے ساتھ شہوت پر، خیرات کے ساتھ بدلے پر فتح پانے اور ایمانداری کے ساتھ فریب پر قابو پانے کا حکم دیتی ہے۔ اگر آپ صحت، خوشی اور کامیابی کے خلاف سازشیوں کی ایک فوج نہیں لانا چاہتے تو ان غلطیوں کو ابتدائی مراحل میں ہی تلف کر دیں۔ یہ آپ کو غلطی کے خلاف سچے منصف، ثالثی کے پاس لائیں گے۔ منصف آپ کو انصاف تک لے جائے گا، اور اخلاقی قانون کی سزا فانی عقل اور بدن پر صادر کی جائے گی۔ تب تک دونوں کو ہتھکڑی لگا دی جائے گی جب تک دوہری ادائیگی نہیں ہوگی، جب تک خدا کے ساتھ آپ کا اکاؤنٹ متوازن نہیں ہوگا۔ ”آدمی جو کچھ بوتا ہے، وہی کاٹے گا۔“ نیک انسان بالآخر گناہ کے خوف پر فتح پائے گا۔ یہ گناہ کی ضرورت ہے کہ یہ خود کو تباہ کرے۔ لافانی انسان خدا، اچھائی، کی حکمرانی ظاہر کرتا ہے، جس کے مقابلے گناہ میں کوئی طاقت نہیں ہے۔

## 8۔ 11-3:316

حقیقی انسان کا سائنس کی بدولت اپنے خالق سے تعلق استوار کرتے ہوئے، بشر کو صرف گناہ سے دور ہونے اور مسیح، یعنی حقیقی انسان اور خدا کے ساتھ اُس کے تعلق کو پانے اور الٰہی فرزندگی کو پہچاننے کے لئے فانی خودی سے نظر ہٹانے کی ضرورت ہے۔ یسوع کے ذریعے بدن پر روح کی طاقت کو ثابت کرنے کے لئے مسیح یعنی سچائی کو

بائبل کا یہ سبق پلینن فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ”سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ“ میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔

ظاہر کیا گیا تھا، یہ دکھانے کے لئے کہ انسانی عقل اور بدن پر اِس کے اثرات کی بدولت سچائی کو، بیماری سے شفا دیتے اور گناہ کو نیست کرتے ہوئے، ظاہر کیا جاتا ہے۔

## 9۔ 522:1۔29

زندگی، سچائی اور محبت کیا موت، غلطی اور نفرت کو جنم دیتا ہے؟ کیا خالق خود کی مخلوق کو ہلاک کرتا ہے؟ کیا الٰہی شریعت کا لاخطا اصول تبدیل ہوتا یا توبہ کرتا ہے؟ یہ ایسا نہیں ہو سکتا۔

## 10۔ 5:3۔11

غلط کام پر شرمندگی اصلاح کی جانب ایک قدم ہے لیکن بہت آسان قدم ہے۔ عقل کے باعث جو اگلا اور بڑا قدم اٹھانے کی ضرورت ہے وہ وفاداری کی آزمائش ہے، یعنی اصلاح۔ یہاں تک ہمیں حالات کے دباؤ میں رکھا جاتا ہے۔ آزمائش ہمیں جرم کو دوہرانے کی دعوت دیتی ہے، اور جو کچھ ہوا ہوتا ہے اس کے عوض غم والم ملتے ہیں۔ یہ ہمیشہ ہوگا، جب تک ہم یہ نہیں سیکھتے کہ عدل کے قانون میں کوئی رعایت نہیں ہے اور ہمیں ”کوڑی کوڑی“ ادا کرنا ہوگی۔

## 11۔ 6:3(الٰہی)۔5،11۔12

الٰہی محبت انسان کی اصلاح کرتی اور اُس پر حکمرانی کرتی ہے۔ انسان معافی مانگ سکتے ہیں لیکن صرف الٰہی اصول ہی گناہگار کی اصلاح کرتا ہے۔

گناہ کے نتیجے میں تکالیف کا موجب بننا، گناہ کو تباہ کرنے کا وسیلہ ہے۔ گناہ میں ملنے والی ہر فرضی تسکین اس کے متوازی درد سے زیادہ آراستہ ہوگی، جب تک کہ مادی زندگی اور گناہ پر یقین تباہ نہیں کر دیا جاتا۔ آسمان یعنی ہستی کی ہم آہنگی پر پہنچنے کے لئے ہمیں الٰہی اصول کی ہستی کو سمجھنا ہوگا۔

”خدا محبت ہے۔“ اس سے زیادہ ہم مانگ نہیں سکتے، اِس سے اونچا ہم دیکھ نہیں سکتے اور اس سے آگے ہم جا نہیں سکتے۔ یہ فرض کرنا کہ جیسے خدا کا رحم مطلوب یا غیر مطلوب ہوتا ہے اُسی کے مطابق خدا گناہ کو معاف کرتا یا سزا دیتا ہے، محبت کی غلط سمجھ ہے اور یہ اپنے غلط اعمال کے لئے دعا کو حفاظتی در بنانے کے مترادف ہے۔

## 12۔ 357:1۔5

عام انصاف میں، ہمیں یہ قبول کرنا چاہئے کہ خدا انسان کو اُس کے لئے سزا نہیں دے گا جو کرنے کے قابل خدا نے انسان پیدا کیا تھا، اور وہ ابتدا سے جانتا تھا کہ انسان یہ کرے گا۔ خدا ”کی آنکھیں ایسی پاک ہیں کہ بدی کو نہیں دیکھ سکتیں۔“

## 13۔ 16:27،29،31

*اے ہمارے مادر پدر خدا، قادر ہم آہنگ*

*قابل ستائش*

*تیری بادشاہی آگئی ہے؛ تُو ازل سے ہے۔*

**14۔ 2:17 3-2، 5، 7، 10-11، 14-15**

*جیسے آسمان پر ہے زمین پر بھی ہمیں یہ جاننے کے قابل بنا کہ خدا قادر مطلق، اعلیٰ ہے۔*

# روزمرہ کے فرائض

منجاب میری بیکر ایڈی

## روزمرہ کی دعا

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ ہر روز یہ دعا کرے: ''تیری بادشاہی آئے؛'' الٰہی حق، زندگی اور محبت کی سلطنت مجھ میں قائم ہو، اور سب گناہ مجھ سے خارج ہو جائیں؛ اور تیرا کلام سب انسانوں کی محبت کو وافر کرے، اور اُن پر حکومت کرے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 4۔*

---

*بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔*

# مقاصد اور اعمال کا ایک اصول

نہ کوئی مخالفت نہ ہی کوئی محض ذاتی وابستگی مادری چرچ کے کسی رکن کے مقاصد یا اعمال پر اثر انداز ہونے چاہئیں۔ سائنس میں، صرف الٰہی محبت حکومت کرتی ہے، اور ایک مسیحی سائنسدان گناہ کو رد کرنے سے، حقیقی بھائی چارے، خیرات پسندی اور معافی سے محبت کی شیریں آسائشوں کی عکاسی کرتا ہے۔ اس چرچ کے تمام اراکین کو سب گناہوں سے، غلط قسم کی پیشن گوئیوں، منصفیوں، مذمتوں، اصلاحوں، غلط تاثرات کو لینے اور غلط متاثر ہونے سے آزاد رہنے کے لئے روزانہ خیال رکھنا چاہئے اور دعا کرنی چاہئے۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 1۔*

# فرض کے لئے چوکسی

اس چرچ کے ہر رکن کا یہ فرض ہے کہ وہ ہر روز جارحانہ ذہنی آراء کے خلاف خود کو تیار رکھے، اور خدا اور اپنے قائد اور انسانوں کے لئے اپنے فرائض کو نہ کبھی بھولے اور نہ کبھی نظر انداز کرے۔ اس کے کاموں کے باعث اس کا انصاف ہوگا، وہ بے قصور یا قصوار ہوگا۔

*چرچ مینوئیل، آرٹیکل VIII، سیکشن 6۔*

بائبل کا یہ سبق پلین فیلڈ کرسچن سائنس چرچ، آزاد کی جانب سے تیار شدہ ہے۔ یہ کنگ جیمز بائبل کی آیاتِ مقدسہ پر اور میری بیکر ایڈی کی تحریر کردہ کرسچن سائنس کی درسی کتاب، ''سائنس اور صحت آیات کی کنجی کے ساتھ'' میں سے لئے گئے لازمی تحریروں پر مشتمل ہے۔